ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(462)

07.09.24

**بہاول پور( )پولیس کی گذشتہ 07 روز میں منشیات فروشوں اوراسلحہ ناجائزرکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 43 ملزمان گرفتار، ملزمان کے قبضہ سے 10 پسٹل 30 بور، 02 ریوالور، 01 کاربین، 01 بندوق 12 بور، 05 کلوگرام سے زائد چرس، 1275 گرام کرسٹل آئس، 555 لیٹر شراب، 100 کپیاں کچی شراب، 170 لیٹر لہن اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد، مقدمات درج۔منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جارہا ہے، بہاول پور کو منشیات سے ہرصورت پاک کیا جائے گا۔ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق بہاول پور پولیس نے گذشتہ 07 روز کے دوران ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کر کے 10 عدد پسٹل 30 بور 02 عدد ریوالور 01 عدد رپیٹر 12 بور اور 01 عدد کاربین برآمد جبکہ منشیات کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے 29 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 5070 گرام چرس، 555 لیٹر شراب، 100 کپیاں کچی شراب، 170 لیٹر لہن اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ منشیات فروشی ایک لعنت ہے۔جس کو معاشرے سے ختم کر کے ہی دم لیں گے۔ان کے خلاف کریک ڈاؤن اسی طرح جاری رہے گا۔ہمارا عزم جرائم سے پاک معاشرہ ہے۔ان کے خلاف سخت سے سخت ایکشن لیتے ہوئے ان کو کیفرکردار تک پہنچانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیرکمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ دوروز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز 463

07.09.24

**بہاولپور( ) ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ ہیڈ راجکاں کی حدود میں اقلیتی برادری کا اندھا قتل ٹریس، تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے جدید اور روایتی طریقہ تفتیش کے بہترین امتزاج سے قلیل وقت میں اندھا قتل ٹریس کر کے ملزم کو پابند سلاسل کیا۔ملزم چاہے کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ایس ڈی پی او یزمان سرکل اور ایس ایچ او تھانہ ہیڈ راجکاں کو علاقہ تھانہ ہیڈ راجکاں کی حدود میں اقلیتی برادری کے نوجوان کے قاتل کو گرفتار کرنے کا ٹاسک دیا اور اسپیشل ٹیم تشکیل دی۔جس پر ایس ایچ او تھانہ ہیڈ راجکاں نے اپنی ٹیم کے ہمراہ بہت کم وقت میں اندھے قتل کو ٹریس کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزم کی شناخت بالم رام کے نام سے ہوئی جو کے مقتول کی بیوی کا کزن ہے جس نے مقتول کو اینٹوں کے وار کر کے بڑی چالاکی سے قتل کر دیا تھا۔مقتول کی اپنے سگے بھائیوں کے ساتھ سخت مخالفت چل رہی تھی جس کا ملزم فائدہ اٹھا کر مقتول کے بھائیوں کو بلیک میل کر کے ان سے رقم کا تقاضا کر رہا تھا۔اس موقع پر ڈی پی او نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملزم چاہے کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا، کیوں کہ جرم نشان چھوڑ جاتا ہے اور پولیس انویسٹی گیشن کی کامیابی ان نشانوں کی کڑیاں ملاتے ہوئے مجرم تک پہنچنا ہوتا ہے،جس کے لئے پولیس فرانزک ایکسپرٹس، موبائل فون ٹریسنگ سمیت دیگر چیزوں کا سہارا لیتے ہوئے جدید اور روایتی طریقہ تفتیش کے بہترین امتزاج سے ایسے اندھے قتل کو ٹریس کرنے میں کامیاب ہوتی ہے۔انہوں نے مزید کہا ایسے گھناؤنے فعل کرنے والوں کو تختہ دار تک پہنچایا جائے گا۔اس کامیابی پر ڈی پی او نے ایس ایچ او تھانہ سٹی یزمان اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



پولیس تھانہ ہیڈ راجکاں کی کامیاب کاروائی قتل کا مقدمہ ٹریس، ملزم گرفتار